ایری شہر

2022 ری سائیکلنگ گائیڈ

رکیں! ان اشیاء کو کوڑے دان میں ڈالیں

سٹائروفوم

خوراک کی آلودہ اشیاء

پلاسٹک کے کپ، ٹب یا کھلونے

ان اشیاء کو کرب میں ری سائیکل کریں

کاغذ

اخبارات، دفتری کاغذات، میگزین

پلاسٹک 1 2

گھما کر ڈھکن لگائے جانے والے ہر پلاسٹک کنٹینر کا ڈھکن اتار کر اسے کوڑے میں ڈال دیں

گتا

نالی دار گتا، باریک گتا

دھاتی کین

خوراک کے کین، مشروبات کے کین

ان اشیاء کو کہیں اور ری سائیکل کریں*

شیشہ

پلاسٹک کے تھیلے

نسخے اور طبی فضلہ

کیمیکلز یا گھر کا مضر فضلہ

cityof.erie.pa.us/recyclingor*
پر جانیں کہ ان اشیاء اور مزید کو کہاں ری سائیکل کیا جائے،
یا **(814) 1450-870** پر کال کریں۔

ری سائیکل کرنے کے ایونٹس

کون: صرف شہر کے رہائشی۔ فوٹو آئی ڈی درکار ہے۔

کیا: ری سائیکلنگ کے مناسب دن پر الیکٹرانکس یا پہیے اندر آکر دیں یا چھوڑ جائیں۔

کہاں: City of Erie Municipal Garage Complex 1926 Holland Street.

پہیوں کی ری سائیکلنگ

7 مئی بروز ہفتہ، صبح 9 تا دوپہر 1 بجے

فی رہائشی 6 پہیے۔ صرف مسافر گاڑیوں یا ہلکے ٹرکوں کے پہیے۔ رم نہیں۔

الیکٹرانکس کی ری سائیکلنگ

7 مئی بروز ہفتہ، صبح 9 تا دوپہر 1 بجے

قابل قبول اشیاء: ٹی وی، کمپیوٹر، مانیٹر، کی بورڈ، ماؤس، پرنٹر، اسپیکر، ٹیبلٹس۔

کرب پر اشیاء کو کیسے ری سائیکل جائے

باقاعدہ فضلہ جمع کرنے کی راتوں پر شفاف ری سائیکلنگ تھیلوں یا نیلے بن کرب سائیڈ کو کوڑے سے الگ رکھیں۔

نیلے تھیلے قبول نہیں کیے جاتے۔
رہائشی ری سائیکلنگ کے لئے پلاسٹک کے شفاف تھیلے یا نیلے بن استعمال کریں۔

ایری شہر کی جانب سے نیلے بن فراہم نہیں کیے جاتے۔

ری سائیکل کی جانے والی اشیاء میں کوڑا نہ ملائیں۔
ان ری سائیکل ہونے کے قابل اشیاء کو آلودہ ہونے کے بعد علیحدہ نہیں کیا جائے گا اور پورا تھیلا کوڑے میں ڈال دیا جائے گا۔

ہم کم پلاسٹک کیوں قبول کر رہے ہیں؟

اس وقت ایری شہر کا ری سائیکل کرنے والا تاجر صرف پلاسٹک کی بوتلیں، جگ یا گھما کر ڈھکن لگانے والے جار قبول کر رہا ہے۔ پلاسٹک کی تمام دیگر اشیاء کو ڈھکن سمیت کوڑے میں پھینکا جانا چاہیے۔

عالمی منڈی کے حالات کے باعث ری سائیکل کی گئی پلاسٹک کی طلب کم ہے۔ پلاسٹک کی دیگر اشیاء کو بیرون ملک بھیجا جاتا تھا لیکن انہیں مزید قبول نہیں کیا جا رہا۔ امید ہے کہ ہمیں جلد ہی دیگر اختیارات ملیں گے۔

ہم شیشہ مزید کیوں نہیں قبول کرتے؟

جب شیشے کو دیگر ری سائیکل ہونے والی اشیاء سے ملایا جائے تو شیشہ ٹوٹ جاتا ہے اور شیشے کا کنٹینر اور بیگ میں موجود دیگر اشیاء بھی خراب ہو جاتی ہیں۔ ہمارا ری سائیکل کرنے والا تاجر ان اشیاء کو خراب ہونے کے بعد ٹھیک نہیں کر سکتا اور پورا تھیلا کوڑے میں ڈال دیا جاتا ہے۔

ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ ری سائیکلنگ کے نجی ادارے سے اپنا شیشہ ری سائیکل کروائیں، جسے cityof.erie.pa.us/recycling پر آن لائن تلاش کیا جا سکتا ہے۔ بصورت دیگر شیشے کے اشیاء کو احتیاط سے کوڑے میں ضائع کر دیں۔

معلوم نہیں کہ سٹی ہال میں کس کو کال کریں؟ سٹیزن ریسپانس سنٹر: (814) 1111-870

کھاد کا اجتماع

13 مارچ بروز اتوار سے 8 دسمبر بروز جمعرات تک

صرف کھلے سخت کنٹینر (حد 50 پاؤنڈ) یا کھاد بنائے جانے کے قابل کاغذی (لان اور لیف) تھیلے

قابل قبول کھاد میں گھاس، کٹے ہوئے پودے، کٹی ہوئی جھاڑیاں، چھوٹی شاخیں اور پتے شامل ہیں۔

ایری شہر نے کھاد دینے کے مقامات مکمل کر لیے ہیں:

Westside - جمعرات:

- Brabender Park: West 21st Street اور Emerson Avenue
- C. Francis Hagerty Park: West 32nd Street اور Schaper Avenue

Eastside – جمعہ:

- Joseph Walczak Park: E. Grandview Boulevard اور Alan Drive
- Rodger Young Park: East 18th Street اور Downing Avenue
- Wallace Street Playground: Front اور Wallace Streets

پتوں کا اجتماع

2 اکتوبر بروز اتوار سے 8 دسمبر بروز جمعرات تک

پتوں کے موسم میں کھاد بنانے کے ASTM D6400 معیار پورے کرنے والے کھاد بنائے جانے کے قابل (ہلکے سبز) پلاسٹک کے تھیلے۔

پتے جمع کرنے کے لئے کھلے سخت کنٹینر استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

گتے کے ڈبے یا دیگر کھاد نہ بنایا جا سکنے والا فضلہ یا ری سائیکلنگ بیگ استعمال نہ کریں۔

شہر کی گلیوں میں پتے جمع نہ کریں۔ اس سے گاڑیوں، موٹرسائیکلوں، سائیکلوں، پیدل چلے والوں اور دوڑنے والوں کے لئے خطرناک صورتحال پیدا ہوتی ہے۔ گیلے پتوں سے پھسلن پیدا ہو سکتی ہے۔ خشک پتوں پر پارک کی گئی گاڑیوں میں آگ لگ سکتی ہے۔

پتوں کے ساتھ پالتو جانور کا فضلہ یا بلی کا فضلہ نہ ڈالیں۔

فضلے میں گھاس اور پتے نہ ڈالیں۔

چھٹی کے دن پتے جمع کرنا

25 دسمبر 2022 سے 19 جنوری 2023 تک

کوڑا جمع کرنے کی راتوں میں کرب سائیڈ باہر رکھ دیں۔

بڑی اشیاء کا اجتماع

گھر کے عام کوڑے کے تھیلوں میں پوری نہ آنے والی ناقابل استعمال، ٹوٹی ہوئی یا خراب اشیاء کے لئے بڑی اشیاء کا اجتماع کیا جاتا ہے۔

آن لائن یا فون کے ذریعے بڑی اشیاء کے اجتماع کی رجسٹریشن کروائیں:

ویب سائٹ: cityof.erie.pa.us/largeitempickup

فون: (814) 1550-870

- آپ کا فضلہ اٹھانے کی رات کی اگلی دستیاب تاریخ پر درخواستوں کا وقت طے کیا جائے گا۔
- تمام رجسٹر کی گئی درخواستوں کو تصدیقی نمبر اور تاریخ موصول ہو گی۔
- تصدیقی نمبر اور تاریخ کے بغیر کوئی شے وصول نہیں کی جائے گی۔
- تصدیقی نمبر کے بغیر یا مختلف تاریخ پر اشیاء باہر پھینک دینے کو غیر قانونی تصور کیا جاتا ہے۔ غیر قانونی طور پر اشیاء پھینکنے والے افراد کو عدالت میں طلب کیا جائے گا۔

بڑی اشیاء کا اجتماع قابل قبول اشیاء:

کاؤچ، کرسیاں، گدے، ڈریسر، لیمپ، میزیں

ناقابل قبول اشیاء:

بڑے آلات، آٹوموٹو اشیاء، برقی آلات، گھر کا مضر فضلہ اور تعمیراتی مواد۔

ری سائیکلنگ اور فضلے کی دیگر تمام رہنما ہدایات مؤثر رہیں گی۔

ضروری ہے کہ پہیوں، الیکٹرانکس، اور گھر کے مضر فضلے کو رجسٹر کیے گئے اجتماع کے ایونٹس یا اداروں میں ری سائیکل یا ضائع کیا جائے (تفصیلات کے لئے صفحہ 5 دیکھیں)۔

پارکنگ کے ضوابط

برف صاف کرنے کے لئے موسم سرما میں پارکنگ کے ضوابط، 1 نومبر تا 31 مارچ

ہفتے کے دوران 1 نومبر سے 31 مارچ تک صبح 8 تا شام 4 بجے یا برف کی ہنگامی صورتحال کا اعلان کیے جانے کی صورت میں ویک اینڈ پر سردیوں میں پارکنگ کے ضوابط کا نفاذ کیا جاتا ہے۔

گلیوں کی صفائی کے لئے موسم گرما میں پارکنگ کے ضوابط، 1 اپریل تا 31 اکتوبر

ہر علاقے میں ہفتے کے مخصوص دن، پیر تا جمعہ صبح 8 تا شام 4 بجے موسم گرما میں پارکنگ کے ضوابط کا اطلاق اور نفاذ کیا جاتا ہے۔

پراپرٹی ٹیکس

کیسے/کہاں ادائیگی کی جائے:

cityof.erie.pa.us پر آن لائن

سٹی ہال کے باہر اسٹیٹ اسٹریٹ کی طرف کھلنے والے داخلے پر موجود ڈراپ بکس میں۔ صرف چیکس۔

ذیل کو ٹیکس بل کے ساتھ مکمل ادائیگی ڈاک کے ذریعے بھجوائیں:

City of Erie Treasurer
State St. Room 105 626
Erie, PA 16501-1128
فون: 870-1210 (814)

City of Erie Treasurer
PO Box 1534
Hermitage, PA 16148-0534
فون: 870-1210 (814)

جلد آنے والوں کے لئے آخری تاریخیں:

درج ذیل تاریخ پر یا اس سے پہلے ادا کرنے والوں کے لئے 2 فیصد ڈسکاؤنٹ:

- ایری شہر کا ریئل ایسٹیٹ ٹیکس (31 مارچ)
- ایری کاؤنٹی کا ریئل ایسٹیٹ ٹیکس (30 اپریل)
- ایری اسکول ڈسٹرکٹ کا ریئل ایسٹیٹ ٹیکس (30 ستمبر)

جلد آنے والوں کے لئے ریئل ایسٹیٹ ٹیکس کی آخری تاریخوں کے لئے ملاحظہ کریں: cityof.erie.pa.us/taxes

مکمل رقم کی آخری تاریخیں:

- ایری شہر کا ریئل ایسٹیٹ ٹیکس (31 مئی)
- ایری کاؤنٹی کا ریئل ایسٹیٹ ٹیکس (30 جون)
- ایری اسکول ڈسٹرکٹ کا ریئل ایسٹیٹ ٹیکس (30 نومبر)

مکمل رقم کے لئے ریئل ایسٹیٹ ٹیکس کی آخری تاریخوں کے لئے ملاحظہ کریں: cityof.erie.pa.us/taxes

کتے کے لائسنس کی تجدید

کیسے/کہاں ادائیگی کی جائے:

cityof.erie.pa.us پر آن لائن

ذیل پر ذاتی طور پر یا بذریعہ ڈاک:

City Treasurer's Office
State St. Room 105 626
Erie, PA 16501
اوقات: صبح 8:30 تا شام 4:30 بجے
فون: 870-1210 (814)

آخری تاریخ:

سال 2023 کے لئے 1 دسمبر 2022

cityof.erie.pa.us پر کتے کے لائسنس کی اضافی درخواستیں ڈاؤنلوڈ کریں

جانوروں کی شکایات

Animal Enforcement
State St. Room 111 626
Erie, PA 16501
فون: 870-1136 (814) یا 870-1125 (814)

طوفان کا پانی

طوفان کا پانی کیا ہے؟

طوفان کے پانی سے مراد بارش، برف اور پگھلتی ہوئی برف کا وہ پانی ہے جو فرش، ڈرائیو وے، گلیوں اور پارکنگ لاٹوں میں بہتا ہے۔

ہمیں اس کی کیوں ضرورت ہے؟

طوفان کا پانی زمین میں پانی بحال کرتا ہے اور پانی کی دوبارہ تخلیق اور جنگلی حیات کے صحت مند مسکن کے لئے ضروری ہے۔

یہ کہاں جاتا ہے؟

جب طوفان کا پانی لان، پارکس اور درختوں والے حصوں میں جاتا ہے تو مٹی میں جذب ہو جاتا ہے۔ جب یہ سخت سطحوں، جیسا کہ ڈرائیو وے، گلیوں اور پارکنگ لاٹوں میں گرتا ہے تو طوفان کے نالوں میں بہہ جاتا ہے، جہاں سے ہماری خلیج، ہماری جھیل اور نزدیکی ندی نالوں میں نکاس ہوتا ہے۔

یہ آلودہ کیسے ہو سکتا ہے؟

جب طوفان کا پانی ڈرائیو وے، گلیوں اور پارکنگ لاٹوں میں بہتا ہے تو یہ مٹی، گندگی، تیل، کیمیکلز اور سگریٹ کی نوکوں سے آلودہ ہو جاتا ہے۔ غیر قانونی طور پر مواد اور مائعات کو طوفان کی نالیوں میں پھینکنے سے بھی پانی آلودہ ہو جاتا ہے۔ چونکہ طوفان کی نالی کا نکاس ہمارے پانی کے رستے میں ہوتا ہے، آلودگی کے باعث یہ پانی مچھلیوں، جنگلی حیات اور انسانوں کے لئے غیر محفوظ ہو جاتا ہے۔

ہماری زمین اور پانی کو صاف رکھنے میں مدد دیں۔ تازہ پانی بے مول ہے۔

- پتوں کی کھاد بنائیں، پالتو جانوروں کا فضلہ ضائع کریں، استعمال شدہ موٹر آئل ری سائیکل کریں۔
- صفائی کا سامان، کیڑے مار ادویات، نباتات کش ادویات اور کھاد کو مناسب اور محفوظ طریقے سے ضائع کریں۔ اس کا طریقہ جاننے کے لئے cityof.erie.pa.us/recycling پر جائیں۔
- جب ممکن ہو تو فطرتی اور نباتاتی متبادلات استعمال کریں۔
- لان اور باغات کے لئے بارش کا پانی جمع کرنے کی خاطر بارش کے بیرل لگوائیں۔